دیس بہ دیس: مسیحی سرگرمیاں اور مسلم۔ مسیحی روابط

افغانستان: ''چرچ ورلڈ سروس'' خدمت انجام دے رہی ہے۔

''چرچ ورلڈ سروس'' ایک امریکی تنظیم ہے جو افغانستان میں طبی سہولتیں فراہم کر رہی ہے۔ تنظیم کے ''افغان پروگرام'' کے ڈائریکٹر ڈوگ بین کے بقول ''یہ پروگرام بنیادی طور پر غزنی کے ہسپتال میں طب وصحت کی سہولتوں تک محدود ہے، تاہم اس کی توسیعی خدمات میں بنیادی صحت کے یونٹوں کا قیام بھی شامل ہے۔''

جناب ڈوگ بین نے مارچ میں افغانستان سے واپسی پر کراچی میں بتایا کہ اُن کے سٹاف میں شامل جملہ ۱۵۰ افراد افغان ہیں، اور سب ہی اچھا کام کر رہے ہیں۔ ''چرچ ورلڈ سروس'' سوہان اور بن یامین میں مطب چلا رہی ہے۔ جناب ڈوگ بین نے تسلیم کیا کہ افغانستان میں کام کرنا ''بلاشبہ ایک مشکل صورتِ حال ہے، تاہم ضرورت مندوں کی خدمت کے لیے ہم کوشاں ہیں۔ سب ہی کو صحت کے پروگراموں کی ضرورت ہے، اس لیے ہمارے کام کو روکا نہیں گیا۔''

''چرچ ورلڈ سروس'' کے پروگرام ڈائریکٹر نے بتایا کہ ''افغانستان سخت قبائلی معاشرہ ہے، اور لوگ سخت جان ہیں۔ پورا ملک پہاڑی اور کافی خشک ہے، اس لیے سفر مشکل ہے اور سست بھی۔ سرکاری طور پر وہاں کوئی چرچ نہیں۔''

واضح رہے کہ ستمبر ۱۹۹۶ء میں کابل پر قبضے کے بعد ''طالبان'' ملک کے بڑے حصے پر حکمران ہیں۔ افغانستان ۱۹۹۳ء سے خانہ جنگی کا شکار چلا آ رہا ہے۔ (ملخّص، ''دی کرسچن وائس''۔ کراچی، ۹ مئی ۱۹۹۹ء)